# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ
(درس نظامی پروگرام)

کورس: فلسفہ شریعت اسلام (476) — سمسٹر: بہار 2014ء

سطح: بی اے — کل نمبر: 100

## بستہ برائے طلبہ

**عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ:**

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو درج ذیل درسی مواد بھیجا جا رہا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| -1 | بستہ برائے طلبہ | ایک عدد |
| -2 | خط برائے طلبہ | ایک عدد |
| -3 | امتحانی مشقیں | 4عدد |
| -4 | فارم برائے امتحانی مشقیں (پرت) | 4سیٹ |
| -5 | رہنمائے طلبہ عمومی | ایک عدد |
| -6 | امتحانی مشقوں کا شیڈول | ایک عدد |

نوٹ: بستہ میں اگر متذکرہ بالا میں سے کوئی چیز موجود نہ ہو تو اس کی اطلاع ''شعبہ مراسلاتی خدمات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد'' کو دیں تا کہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے

والسلام

ڈاکٹر معین الدین ہاشمی

کورس رابطہ کار

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
## كلية اللغة العربية و الدراسات الاسلامية
(درسِ نظامی پروگرام)

کورس: فلسفہ شریعت اسلام (476) | سمسٹر: بہار 2014ء

سطح: بی اے (درس نظامی)

## بستہ برائے طلبہ

عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کورس فلسفہ شریعت اسلام (476) بی اے میں داخلہ پر ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں اور آپ کے شوق کی قدر کرتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ اس کورس کو آپ اپنی تعلیمی زندگی کے لیے بہت مفید پائیں گے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے طلبہ کو نسبتاً زیادہ محنت کرنا ہوتی ہے۔ آپ کو پابندی اور مستقل مزاجی سے مطالعہ کی عادت اپنانا ہوگی تاکہ فاصلاتی نظام تعلیم کے مطابق منفرد اور جدید انداز میں بنائے گئے کورسز سے آپ بہتر طور پر مستفید ہو سکیں اور تعلیم کے مقاصد کا حصول آپ کے لیے ممکن ہو۔

کورس فلسفہ شریعت اسلام (476) بی اے کی سطح کے پروگراموں میں مواد کا متعلقہ حصہ خوب اچھی طرح مطالعہ کر کے آپ کو چار امتحانی مشقیں حل کرنا ہوں گی۔ کورس مکمل کریڈٹ کا ہے اس لیے چار مشقیں ہوں گی جو بروقت حل کر کے جز وقتی استاد (ٹیوٹر) کو بھیجنا ہوں گی۔ دیئے گئے سوالات کو کتاب پڑھنے اور سمجھنے کے بعد حل کیجئے۔

ہر امتحانی مشق حل کرنے کے بعد امتحانی مشق مع تین عدد فارم پر کر کے اپنے ٹیوٹر کو مقررہ تاریخ سے قبل ارسال کر دیجئے۔ یاد رہے کہ اپنا نام، رول نمبر، پتہ، کورس کا نام وغیرہ واضح اور خوش خط لکھئے اور کوئی کالم خالی نہ چھوڑیئے۔

داخلہ، رجسٹریشن یا امتحان سے متعلق کسی قسم کی شکایت یا استفسار ہو تو متعلقہ شعبے سے رجوع کیجئے، اپنا مسئلہ وضاحت سے بیان کیجئے اور جواب کے لیے لفافہ ارسال کیجئے۔

کورس کے حوالہ سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ رکھئے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجئے۔ محنت اور کامیابی کی دعاؤں کے ساتھ۔

والسلام

ڈاکٹر معین الدین ہاشمی
کورس رابطہ کار

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک اسٹڈیز

(درسِ نظامی پروگرام)

کورس: فلسفہ شریعت اسلام (476) — سمسٹر: بہار 2014ء

سطح : بی اے (درسِ نظامی) — کل نمبر: 100

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

1- **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

2- **کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال نمبر 1- شرعی احکام کی مصلحتوں پر حجۃ اللہ البالغہ کی روشنی میں نوٹ قلم بند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2- سورہ الفتح کی آیت "**ولن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا**" کا مفہوم شاہ ولی اللہؒ کی آراء میں بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3- باب اسرار التکلیف میں شاہ صاحب نے کیا بات کی ہے اور ان کا اشارہ کس طرف ہے تفصیلی نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4- حجۃ اللہ البالغہ کی روشنی میں تدبیر منزل اور آداب معاشرت سے متعلق نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5- حجۃ اللہ البالغہ کی روشنی میں "جزائے اعمال" سے متعلقہ مبحث کو اپنے انداز میں بیان کیجئے۔ (20)

کورس: فلسفہ شریعت اسلام (476) — سمسٹر: بہار 2014ء

سطح : بی اے — کل نمبر: 100

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال نمبر 1- جبلی اختلاف سے کیا مراد ہے؟ اس کا اخلاقِ اعمال پر کیا اثر پڑتا ہے؟ جامع نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2- حجۃ اللہ البالغہ کی روشنی میں سعادت کی حقیقت اور اس کے حصول کے طریقے تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3- سیاست مدن سے کیا مراد ہے؟ نیز سیاست مدن کے بارے میں شاہ صاحب کی بحث اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4- حجۃ اللہ البالغہ کی روشنی میں توحید پر مفصل مضمون قلم بند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5- شرک کی حقیقت اور اقسام حجۃ اللہ البالغہ کی روشنی میں تحریر کیجئے۔ (20)

کورس: فلسفہ شریعت اسلام (476) — سمسٹر: بہار 2014ء

سطح : بی اے — کل نمبر: 100

## امتحانی مشق نمبر 3

سوال نمبر 1- حجۃ اللہ البالغہ مبحث نمبر 02 میں حالات محشر کے اسرار و حکم کو اپنے انداز سے واضح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2- شعائر اللہ سے کیا مراد ہے؟ ان کی اہمیت پر مضمون قلمبند کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3- کوئی سی دو اہم عبادتوں کے اسرار و حکمتیں حجۃ اللہ البالغہ کی روشنی میں تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4- حقوق العباد سے متعلق گناہوں پر شاہ صاحب کی بحث کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5- ضرورت و اہمیت نبوت پر مفصل مضمون قلم بند کیجئے۔ (20)

کورس: فلسفہ شریعت اسلام (476) — سمسٹر: بہار 2014ء

سطح : بی اے — کل نمبر: 100

## امتحانی مشق نمبر 4

سوال نمبر 1- نبوت کی حقیقت اور خواص پر نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2- شریعتوں کے اختلاف کے کیا اسباب و حکم ہو سکتے ہیں؟ حجۃ اللہ البالغہ کی روشنی میں تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3- کلیات سے احکام کی تخریج کیسے کی جاتی ہے؟ مفصل بحث کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4- نسخ کے اسباب و احکام تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5- احکام خمسہ (واجب، حرام، مندوب، مکروہ، مباح) کی تعریف کیجئے اور ان کی علت کے اسرار و رموز تحریر کیجئے۔ (20)